**21.10.2024**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..............................................................................

☆ بھارت اور چین نے مشرقی لداخ میں حقیقی لائن آف کنٹرول پر گشت کے انتظامات کے سلسلے میں اتفاق رائے قائم کیا ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی کازان میں BRICS سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کل سے روس کے دو روزہ دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔

☆ حکومت علاقائی فضائی رابطے کی اسکیم UDAN کو مزید 10 سال بڑھانے کا ارادہ رکھتی ہے۔ اُس کا ارادہ ہے کہ پروازوں کے آپریشن کو متاثر کرنے والی دھمکی بھری فرضی کالوں کو قابلِ دست درازئ پولیس خلاف ورزی قرار دے دیا جائے۔

☆ پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی پری یوجنا کے تحت اِس ماہ ایک ہزار کروڑ روپے کی مالیت کی زبردست فروخت ہوئی ہے۔

☆ انتہائی شدید سمندری طوفان DANA جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب پوری اور ساگر جزائر پر اثر انداز ہوگا۔ مرکز نے اڈیشہ اور مغربی بنگال کی حکومتوں کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے۔

..............................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***Indian Chian Agreement***

بھارت اور چین نے مشرقی لداخ میں حقیقی لائن آف کنٹرول، LAC کے آس پاس گشت کے انتظامات کے سلسلے میں ایک معاہدے سے اتفاق کیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے، خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے بتایا کہ اِس معاہدے سے 2020 میں شروع ہوئی، کشیدگی سے عدم وابستگی اور حل کی راہ ہموار ہوسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان وسیع تر تبادلۂ خیال کے نتیجے کے طور پر سرحدی علاقوں میں گشت کے انتظامات کے تعلق سے یہ معاہدہ سامنے آیا ہے۔ جناب مِسری نے مزید کہا کہ بھارت مختلف سطحوں پر چین کے ابتدائی مذاکرات کاروں کے ساتھ تبادلۂ خیال میں شامل رہا ہے۔

SB - 2100 - Misri - India / China

روس کی فوج میں جنگ لڑ رہے بھارتیوں کی واپسی کے معاملے پر خارجہ سکریٹری مِسری نے بتایا کہ تقریباً 85 بھارتی روس سے واپس آ چکے ہیں اور 20 ابھی بھی وہیں ہیں۔ انہوں نے اطلاع دی کہ بھارتی سفارت خانے کے اہلکار روس کی وزارتِ خارجہ اور وزارتِ دفاع میں ابتدائی مذاکرات کاروں کے قریبی رابطے میں ہیں تاکہ بھارتی فوجیوں کی جلد رہائی ممکن ہوسکے۔ جناب مسری نے بتایا کہ اِس معاملے پر اعلیٰ ترین سطح پر بات کی گئی ہے۔ x

## Jaishankar - India China Agreement

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے مشرقی لداخ میں حقیقی لائن آف کنٹرول پر گشت سے متعلق انتظامات کے سلسلے میں بھارت اور چین کے درمیان طے پائے معاہدے کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ملک اُس مقام پر واپس پہنچ گئے ہیں، جو صورتحال 2020 میں تھی۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ چین کے ساتھ پیچھے ہٹنے کا عمل مکمل ہوچکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک وہ گشت کرنے کے اہل ہوں گے، جسے دونوں ملک 2020 میں انجام دے رہے تھے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ یہ ایک مثبت پیش رفت ہے اور یہ صبر اور انتہائی ثابت قدم سفارت کاری کا نتیجہ ہے۔

## Rev PM - Russia Visit

وزیر اعظم نریندر مودی روس کے شہر کازان میں 16ویں برکس سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے کل روس کے دورے پر روانہ ہو رہے ہیں۔ جناب مودی روس کے صدر ولادیمیر پوتن کی دعوت پر روس جارہے ہیں۔ دو روزہ سربراہ کانفرنس کا موضوع ہے، ''انصاف پر مبنی عالمگیر ترقی اور سلامتی کیلئے کثیر سطحیت کو مستحکم کرنا''۔

برکس ابھرتی ہوئی مارکیٹ Economies کا ایک گروپ ہے، جس میں برازیل ، روس، بھارت، چین اور جنوبی افریقہ ہیں اور اِن ملکوں کے انگریزی کے پہلے حروف سے لفظ BRICS بنتا ہے۔ اب اِس میں مصر ، ایتھوپیا، ایران اور متحدہ عرب امارات کو شامل کرکے اِسے وسعت دی جاچکی ہے۔

کازان میں آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے ، روس میں بھارت کے سفیر وِنے کمار نے کہا کہ اِس سربراہ کانفرنس سے عالمی لیڈروں کو اہم عالمی معاملات پر تبادلۂ خیال کیلئے ایک اہم پلیٹ فارم ملے گا۔

SB - Vinay Kumar

وزیر اعظم کے دورے کے بارے میں نئی دلّی میں نامہ نگاروں سے بات چیت کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وِکرم مِسری نے کہا کہ اِس برس کی سربراہ کانفرنس میں برکس کے نئے ممبر ملکوں کو برکس تعاون نظام سے مربوط کرنے پر توجہ کی جائے گی۔

SB - 2100 - Vikram Misri - BRICS Focus

خارجہ سکریٹری نے بتایا کہ بھارت ، برکس کے بانی ممبر ملکوں میں ہے اور اُس نے اِس گروپ کیلئے گرانقدر خدمات انجام دی ہیں۔

SB - 2100- Vikram Misri - Contribution

جناب مِسری نے کہا کہ سربراہ کانفرنس کے موقع پر وزیر اعظم کئی باہمی میٹنگیں بھی کریں گے۔ بھارتی برادری

کے افراد بالخصوص طلباء نے وزیر اعظم کے روس کے شہر کازان کے دورے پر اپنے جوش و خروش کا اظہار کیا۔ اِس دورے کی خبریں بھیجنے والے آکاشوانی کے نمائندے نے اِن طلباء میں سے کچھ سے بات چیت کی۔

SB - 2100 - Indain Cummunity Member

## PM - UDAN

RCS یعنی علاقائی رابطے کی اسکیم کے تحت UDAN یعنی اُڑے دیش کا عام ناگرِک اسکیم کے آج 8 برس مکمل ہوگئے ہیں۔ اِس موقع پر میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ حکومت UDAN اسکیم کو اگلے 10 برس تک لے جانے کے بارے میں سوچ رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز 50 مزید ہوائی اڈے شروع کرنے اور موجودہ ہوائی اڈوں کی صلاحیت کو بڑھانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ وزیر موصوف نے بتایا کہ اِس اسکیم کے سبب نئے مسافر اور سرمایہ کار فیض یاب ہوئے اور ترقیاتی مواقع کے سبب ہزاروں نوجوانوں کو روزگار ملا۔ جناب نائیڈو نے کہا کہ اِس اسکیم کے ذریعے حکومت نے ایسے دور دراز خطوں کو Connect کیا، جہاں ہوائی اڈہ ہونے یا فضائی سفر کے امکان کے بارے میں سوچنا بھی ممکن نہیں تھا۔

فضائی پروازوں کو متاثر کرنے والی فرضی ٹیلی فون کال کی لعنت کے بارے میں شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر نے زور دے کر کہا کہ مسافروں کا تحفظ ، حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت طیاروں کی سکیورٹی کے ضابطوں اور شہری ہوا بازی کے تحفظ کے خلاف غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق ایکٹ 1982 میں ترمیم کی منصوبہ بندی کررہی ہے اور وہ فرضی فون کال کو فوری پولیس کارروائی کی اجازت کیلئے منظور ایک خلاف ورزی قرار دیئے جانے پر بھی غور کررہی ہے۔ UDAN اسکیم کے 8 برس مکمل ہونے پر وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا کہ اِس اسکیم نے بھارت کے شہری ہوا بازی کے سیکٹر کی کایا پلٹ کردی ہے۔ وزیر اعظم نے سوشل میڈیا پر جاری ایک پوسٹ میں کہا کہ اِس اسکیم نے کروڑوں لوگوں کیلئے پرواز تک رسائی کو یقینی بنایا ہے اور ساتھ ہی ہوائی اڈوں اور ہوائی Routes کی تعداد میں بھی اضافہ ہوا ہے۔x

## Rev PM - Summit

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ٹیکنالوجی کے جمہوری طرزِ عمل کے ذریعے دنیا کو ڈیجیٹل پبلک انفرا اسٹرکچر کا ایک نیا راستہ دکھا دیا ہے۔ ایک پرائیویٹ میڈیا Outlet کی جانب سے منعقدہ World Summit سے خطاب کرتے ہوئے، جناب مودی نے تین لفظوں یعنی جَن دھن، آدھار اور موبائل کے پہلے حروف JAM کو اجاگر کیا ، جو تیز رفتار اور ہرقسم کی Leak سے پاک سروس ڈیلیوری کا ایک وسیع تر نظام فراہم کرتا ہے۔

SB - 2100 - PM Digital

مصنوعی ذہانت AI کے بارے میں بات چیت کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ یہ AI کا زمانہ ہے اور دنیا کا حال اور مستقبل اِسی سے وابستہ ہے۔ وزیر اعظم نے یہ بھی کہا کہ دنیا کیلئے AI کا مطلب Artificial انٹلی جنس ہے، جبکہ بھارت کیلئے اِس کے ایک اور معنی ہیں، Aspirational India یعنی امنگوں سے بھرا بھارت۔ x

## Modi Bhutan PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج نئی دلّی میں بھوٹان کے وزیر اعظم Tshering Tobgay سے ملاقات کی۔ بھوٹان کے وزیر اعظم کے ایک سوشل میڈیا پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھوٹان بھارت کا ایک نہایت ہی مخصوص دوست ہے۔ انھوں نے کہا کہ دونوں ملکوں کے درمیان آپسی تعاون مستقبل میں مزید بہتر ہوں گے۔x

## Prez National Water Award

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل نئی دلّی میں پانچویں قومی واٹر ایوارڈ 2023 پیش کریں گی۔ جل شکتی کی مرکزی وزارت نے 9 زمروں میں 38 انعامات کا اعلان کیا ہے، جن میں بہترین ریاست، بہترین ضلع، بہترین گاؤں پنچایت، بہترین شہری مقامی بلدیہ، بہترین آبی استعمال کی تنظیم اور بہترین سول سوسائٹی شامل ہیں۔

بہترین ریاست کے زمرے میں اڈیشہ کو پہلا انعام جبکہ اترپردیش کو دوسرا اور گجرات اور پڈوچیری کو مشترکہ طور پر تیسرا انعام دیا گیا ہے۔ مخصوص زمروں میں ہر ایک انعام یافتگان کو ایک توصیفی سند، ایک تمغہ اور نقد رقم دی جائے گی۔ وزارت نے کہا ہے کہ سرکار قومی سطح پر پانی کے انتظام وانصرام اور تحفظ کے بارے میں بیداری کرنے کیلئے ایک جامع مہم چلا رہی ہے۔x

## Manohar NAMO Train

بھارت کی پہلی علاقائی تیز رفتار NAMO بھارت ٹرین نے آج اپنے آپریشن کا ایک سال مکمل کرلیا ہے۔ اس موقع پر ہاؤسنگ اور شہری امور کے وزیر منوہر لال نے نمو بھارت ٹرین میں سفر کیا اور دہلی-غازی آباد- میرٹھ RRTS پر اہم اسٹیشنوں کا دورہ کیا۔ نمو بھارت ٹرین خدمات کی ستائش کرتے ہوئے جناب منوہر لال نے کہا کہ نمو بھارت ٹرینوں نے غازی آباد، صاحب آباد اور آس پاس کے علاقوں میں سفر کو یکسر بدل دیا ہے۔ 40 لاکھ سے زیادہ مسافروں نے پہلے سال میں نمو بھارت ٹرینوں میں سفر کیا ہے۔x

## Mandaviya e-Sharam

محنت اور روزگار کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے آج نئی دلّی میں غیرمنظّم ورکروں کیلئے ایک ہی جگہ حل فراہم کرنے سے متعلق ای-شرم پورٹل کا آغاز کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے ای-شرم پورٹل میں ورکروں کے بڑھتے ہوئے اعتماد پر زور دیا اور کہا کہ ہر دن تقریباً 60 سے 90 ہزار ورکر پلیٹ فارم سے منسلک ہو رہے ہیں۔

S/B 2100 Mansukh Mandaviya

### Janaushadhi Kendra

پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی پری یوجنا نے اِس مہینے ایک ہزار کروڑ روپئے کی دوائیاں فروخت کرکے ایک نمایاں سنگ میل حاصل کیا ہے۔ کیمیکلز اور فرٹیلائزر کی وزارت نے کہا ہے کہ یہ کامیابی، مناسب اور معیاری دوائیوں پر لوگوں کے بڑھتے ہوئے اعتماد اور انحصار کو اجاگر کرتی ہے۔ وزارت نے کہا ہے کہ پچھلے دس برسوں میں کیندروں کی تعداد میں 170 گنا سے زیادہ کا اضافہ ہوا ہے۔ وزارت نے کہا کہ 2014 میں صرف 80 جن اوشدھی کیندر تھے جو اَب بڑھ کر 14 ہزار سے زیادہ ہوگئے ہیں اور یہ ملک کے تقریباً ہر ضلع میں واقع ہیں۔ پردھان منتری بھارتیہ جن اوشدھی پری یوجنا نے پچھلے مہینے دو ہزار کروڑ روپئے کی دوائیاں فروخت کی ہے۔ وزارت نے کہا کہ اگلے دو برسوں میں ملک میں 25 ہزار جن اوشدھی کیندر ہوں گے۔x

### Maha Election Update

پرکاش امبیڈکر کی سربراہی والی ونچت بہوجن اگھاڑی نے آج مہاراشٹر اسمبلی انتخابات کیلئے 16 امیدواروں کی اپنی پانچویں فہرست جاری کی ہے۔ اس سے پہلے پارٹی نے 83 سیٹوں پر اپنے امیدواروں کا اعلان کیا تھا۔

اس سے پہلے دن میں Prahar جن شکتی پارٹی، مہاراشٹر سوراج پارٹی، مہاراشٹر راجیہ سمیتی اور Swabhimani Shetkari سنگٹھن پر مشتمل پری ورتن مہا شکتی اتحاد نے 10 امیدواروں پر مشتمل اپنی پہلی فہرست جاری کی ہے۔x

### Jharkhand List

قومی جمہوری اتحاد NDA کی ممبر پارٹیوں جنتا دَل یونائیٹڈ JDU اور چراغ پاسوان کی لوک جن شکتی پارٹی، رام ولاس، LJPR نے آج جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے پارٹی امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔ JDU کے ایگزیکیٹو صدر سنجے کمار جھا نے کہا ہے کہ سریو رائے جمشیدپور ویسٹ سے چناؤ لڑیں گے جبکہ راجا Pitar تَمار اسمبلی حلقے سے امیدوار ہوں گے۔

دوسری طرف LJPR نے چترہ سیٹ سے جنارِدَن پاسوان کو ٹکٹ دیا ہے۔ اِن تینوں حلقوں میں پہلے مرحلے میں 13 نومبر کو پولنگ ہوگی۔

NDA کے سیٹوں کی تقسیم کے تحت دو سیٹیں JDU کو اور ایک سیٹ LJPR کو دی گئی ہے۔x

### J&K Ceremony

جموں وکشمیر میں عبوری اسپیکر مبارک گُل نے آج وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سمیت قانون ساز اسمبلی کے دوسرے منتخب ممبران کو حلف دلایا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے جناب گُل نے کہا کہ منتخب قانون سازوں کو مرکز کے زیر انتظام علاقے کے عوام کی فلاح وبہبود کیلئے مل کر کام کرنا چاہئے۔x

## Textiles MIN

کپڑے کی وزارت میں وزیر مملکت Pabitra مار گریٹا نے آج اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بھارت 2030 تک کپڑے کے شعبے میں 360 بلین ڈالرز کی ترقی حاصل کرلے گا۔

نئی دلّی میں بھارت ٹیکس 2025 پر بھارت میں Foreign Missions کے بات چیت پر مبنی ایک سیشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے عالمی شراکت داروں سے بھارت ٹیکس 2025 میں حصہ لینے پر زور دیا۔ وزیر موصوف نے کہا کہ PM-Mitra جیسی اسکیمیں اور حکومت کی مختلف PLI اسکیمیں کپڑے کی صنعت میں پروڈکشن کو بڑھانے کی صلاحیت پیدا کریں گی اور غیرملکی براہِ راست سرمایہ کاری کو متوجہ کریں گی۔ بھارت ٹیکس 2025، عالمی سطح پر کپڑے کی تجارت کا ایک میلہ اور معلوماتی پلیٹ فارم ہے، جو اگلے سال 14 سے 17 فروری کے درمیان منعقد کیا جائے گا۔x

## Police Commemoration Day

ملک کے پولیس اہلکاروں کی بہادری اور قربانی کے اعزاز میں آج پولیس کا یادگاری دن منایا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اِس موقع پر اپنے پیغام میں لوگوں کے تحفظ کو یقینی بنانے میں پولیس اہلکاروں کے غیرمتزلزل اخلاص کی ستائش کی۔وزیر داخلہ امت شاہ نے آج صبح نئی دلّی میں قومی پولیس میموریل پر گلہائے عقیدت نذر کئے اور شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے وزیر داخلہ نے کہا کہ منشیات کی تجارت، سائبر جرائم، دراندازی، دہشت گردی اور مصنوعی ذہانت کے ذریعے افراتفری پھیلانے کی کوششوں جیسے ابھرتے ہوئے خطرات ملک کے سپاہیوں کے غیرمتزلزل جذبے کے سامنے کھڑے نہیں ہوسکتے۔x

## Odisha Cyclone

انتہائی شدید سمندری طوفان DANA جمعرات اور جمعہ کی درمیانی شب پوری اور ساگر جزائر پر اثر انداز ہوگا۔ اس کی رفتار تقریباً 120 کلو میٹر فی گھنٹے کی ہوگی۔ بھارتی محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ یہ طوفان کل صبح ہوا کے کم دباؤ میں تبدیل ہوکر بدھ تک سمندری طوفان بن کر مغربی-وسطی خلیج بنگال پر پہنچے گا۔ اسی دوران اڈیشہ سرکار ساحلی اضلاع میں رہنے والوں کو بڑے پیمانے پر باہر نکالنے کی تیاری کر رہی ہے۔ پناہ گاہیں تیار کئے جارہے ہیں اور پانی اور روشنی کے انتظامات کئے جارہے ہیں۔ NDRF، ODRAF اور فائر خدمات امداد اور بچاؤ کی کارروائیوں کیلئے ساحلی اضلاع کی طرف پہنچ رہی ہیں۔مرکزی کابینہ سکریٹری نے بھی طوفان سے ہونے والے ممکنہ نقصان سے نمٹنے کیلئے ریاست کی تیاریوں پر اڈیشہ کے کابینہ سکریٹری سے بات کی ہے۔ مرکز نے اڈیشہ اور مغربی بنگال کی حکومتوں کو ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا ہے۔اڈیشہ کے وزیر اعلیٰ موہن چرن مانجھی نے بھی آج بھوبنیشور میں ایک جائزہ میٹنگ کی اور طوفان سے نمٹنے کی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انھوں نے عوام کو یقین دلایا کہ سرکار طوفان کے ممکنہ اثرات سے نمٹنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ انھوں نے بجلی، پینے کا پانی اور ٹیلی مواصلات سمیت طوفان کے بعد ضروری خدمات کی جلد بحالی کی ضرورت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔x

## ATP Tour

ٹینس میں بھارت، اگلے برس فروری میں ATP چیلنجر Tour مقابلے منعقد کرے گا، جس کا آغاز چنئی سے ہوگا۔ آل انڈیا ٹینس ایسوسی ایشن نے تصدیق کی ہے کہ چنئی کے بعد اگلے تین ٹورنامنٹ 10 فروری سے 2 مارچ تک بنگلورو ، پونے اور دلّی میں منعقد ہوں گے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆